9

# جشنِ "عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم"

## (کے انعقاد کے عقلی و نقلی دلائل)


تالیف: محمد بن علوی المالکی الحسنی
(اُستاد مسجد الحرام مکۃ المکرمۃ)

مترجم: دوست محمد شاکر سیالوی
ایم - اے عربی و اسلامیات
(دیونیورسٹی امتیازات)



طبع اوّل: ۱۴۰۳ ہجری

شرکتِ حنفیہ - گنج بخش روڈ لاہور


Marfat.com

٦

بلغ العلیٰ بکمالہٖ
کشف الدجیٰ بجمالہٖ
حسنت جمیعُ خصالہٖ
صلوا علیہ وآلہٖ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# تقدیم

از

مولانا محمد سرفراز نعیمی فاضل عربی (گولڈ میڈلسٹ) ایم۔ اے عربی و اسلامیات
استاذ الادب العربی جامعہ نعیمیہ گڑھی شاہو۔ لاہور

اُمتِ مسلمہ کے دین کا سرمایہ اور حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شریعتِ مطہرہ کی متاعِ کل آپ کی سیرتِ طیبہ ہے۔ حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرتِ طیبہ کو چہار سُو عالم رنگ و بُو میں آشکارا کرنے، آپ کے ابدی پیغام کو کائنات کے ذرّے ذرّے میں پہنچانے، اور حقانیتِ اسلام کے ثبوت کے لئے غلامانِ رسول محافل میلاد منعقد کرتے ہیں۔ ان محافل میں جملہ پہلوؤں پر اس نقطہء نظر سے روشنی ڈالی جاتی ہے جس سے دینِ اسلام کی ہمہ گیری، آفاقیت اور حقانیّت اُجاگر ہوتی ہے۔ مع ہٰذا صاحبِ دینِ متین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی فضیلت اور عظمت کا اظہار ہوتا ہے۔ حضور کی تشریف آوری کی برکات و ثمرات کو بیان کیا جاتا ہے۔ آپکی ولادتِ طیبہ کے منفرد و یکتا انداز کو گوش انداز کیا جاتا ہے۔ ایسا مبارک دِن تمام امتِ محمدیہ کیلئے مسرّت، خوشی کے جذبات سے معمور اور تعلیماتِ اسلامیہ سے آگاہی کا پیغام بن کر خالقِ کائنات کے احسان و امتنان پر اظہارِ تشکّر کی نوید بن کر آتا ہے۔ زیرِ نظر رسالہ کے اندر عالمِ اسلام کے عالم اور بیت اللہ شریف

Marfat.com

کی مسجد الحرام کے استاد شیخ السید محمد بن علوی المالکی الحسینی نے "حول الاحتفال بالمولد النبوی الشریف" کے عنوان سے جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے انعقاد کے جواز پر نہایت ہی محققانہ، مدللانہ اور عالمانہ انداز سے ثابت کیا اور منکرین کو لاجواب جوابات دیئے۔ یہ بے مثل اور اپنی نوعیت کا منفرد جامع رسالہ چونکہ عربی زبان میں تھا للذا برصغیر کے عام مسلمان اس سے کما حقہٗ استفادہ نہیں کر سکتے تھے۔ شرکتِ حنفیہ گنج بخش روڈ لاہور کے ڈائریکٹر الحاج محمد امجد علی چشتی دام ظلہ نے اپنے قیام حرمین شریفین کے دوران نہ صرف اس بے مثل عالم سے سند روایت حدیث کی اجازت اور شرف تلمذ ہی حاصل کیا بلکہ موصوف سے ان کی تصنیف کردہ عربی کی چند محققانہ کتب بھی اپنے ہمراہ لائے جن میں یہ دُرِّ کم یاب بھی ہے۔ الحاج جناب امجد علی چشتی کا یہ جذبہ قابل ستائش اور عین سعادت ہے۔

خدا کرے کہ وہ اپنے نیک ارادوں اور تعمیری عظیم مقاصد میں کامران ہوں۔ مکرمی محترمی مولانا دوست محمد شاکر سیالوی ایم۔اے نے اس عربی نادر پارے کو اردو کے قالب میں ڈھالنے کی سعادت حاصل کی ہے۔

اصل رسالے اور ترجمہ کے چیدہ چیدہ مقامات کو میں نے دیکھا جس میں نہایت عمدہ طریقے سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس کی میلاد کی محافل کے انعقاد کو قرآن و حدیث کی روشنی کے علاوہ عقلاً و نقلاً تقریباً اکیس ۲۱ سے زائد دلائل کو ثابت کیا گیا ہے۔

حضور کی میلادِ پاک کے مفہوم کی حقیقت اور آپ کی حیاتِ برزخیہ کی نوعیت کو مسکت جوابات میں تفصیلاً بیان کیا۔

مخلص

محمد سرفراز نعیمی

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لا

# مقدمہ

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی میلاد کے بارے میں کافی کچھ لکھا جا چکا ہے اور میں بھی اس موضوع پر کچھ لکھنا نہیں چاہتا تھا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ میرا اور مسلمان عقلاء و مفکرین کا ذہن جن موضوعات پر مرکوز ہے وہ اس معاملہ و مسئلہ سے زیادہ اہم و ضروری ہیں۔ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی میلادِ پاک ایسا موضوع ہے جو ہر سال ماہِ ربیع الاوّل میں نشر کیا جاتا ہے۔ حتیٰ کہ (اہل سُنّت والجماعت) کا بچہ بچہ اس سے آگاہ ہے تاہم احباب کے اصرار پر کہ خصوصاً اِس موضوع پر میری رائے کیا ہے اور اِس خدشہ کے پیشِ نظر کہ موضوع ہذا کو بیان کرنے کی صورت میں علم چھپانے کے جُرم کا ارتکاب کروں گا۔ میں نے اس موضوع پر اس میدان میں قلم اُٹھایا اور میں اللہ تبارک و تعالیٰ سے دست بدعا ہوں کہ وُہ مجھے درست اور صحیح باتیں الہام فرمائے۔ آمین

حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی میلاد شریف منانے کے جواز پر دلائل اور میلاد کی محافل منعقد کرنے کے جواز کے بیان سے قبل میں مندرجہ ذیل مسائل کو واضح کرنا چاہتا ہوں۔

Marfat.com

# میلاد شریف کا معنی و مطلب

(۱) ہم میلاد شریف کے متعلق اس امر کے قائل ہیں کہ اس سے ہمارا مقصد حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرتِ طیبہ بیان کرنے کی سعادت حاصل کرنا، آپ کی بارگاہِ اقدس میں صلوٰۃ وسلام پیش کرنا، حضور کے محامد واوصاف عالیہ سننا، کھانا کھلانا اور حضور کی اُمت کے دلوں کو خوش کرنا ہے۔[۱]

(۲) دوسری بات یہ کہ ہم اس امر کے قائل نہیں کہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی میلاد شریف اسی مخصوص رات میں ہی مسنون ہے، بلکہ اگر اس طرح کا اعتقاد رکھنے والا گویا دین متین میں نئی چیز ایجاد کرتا ہے۔

کیونکہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر پاک کرنا اور آپ کی ذاتِ اقدس سے تعلق ہر لمحہ اور سیکنڈ رکھنا واجب ہے۔ نیز حضور کے ذکر اور آپ کی ذات سے تعلق سے تمام انسانوں کو معمور ہونا چاہیئے۔

ہاں حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت مبارکہ کے ماہ مقدس میں میلاد شریف منعقد کرنے والا لوگوں کو ترغیب محبتِ مصطفیٰ کی طرف راغب کرنے، میلاد شریف کی مبارک محافل میں جمع کرنے اور ان کے فیاض شعور کو بیدار کرنے کے لحاظ سے قوی و مضبوط تر ہوتا ہے کیونکہ وہ اس طرح بعض زمانے کے ایک حصّے کی کڑیاں دوسرے حصّے سے ملاتا ہے، چنانچہ ماہ ربیع الاول شریف میں حضور کے غلام زمانۂ حاضر سے ماضی یاد کرتے اور حاضر سے غائب کی طرف منتقل و متوجہ ہوتے ہیں۔

---

[۱] محفلِ میلاد، میلاد کی مبارک رات سے مخصوص نہیں۔

Marfat.com

## ۳ حضورؐ کی میلاد پاک منعقد کرنا تبلیغ دین کا بہترین ذریعہ ہے

تیسری بات یہ کہ میلاد النبیؐ ایسے اجتماعات دعوت الی اللہ کی جانب بہت بڑا اور عظیم وسیلہ و ذریعہ ہیں۔ یہ ایسا سنہری و قیمتی موقع و فرصت ہے جس کو ضائع نہیں ہونا چاہیئے، بلکہ دعوت الی اللہ کے داعیوں، علماء پر واجب ہے کہ وہ اُمت کو حضور پُر نور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے اخلاق، آداب، احوال اور سیرت طیبہ، معاملات اور عبادت سے روشناس کرائیں نیز یہ کہ داعی اور علماء حضرات انہیں پند و نصیحت کریں اور خیر و فلاح کی طرف راہنمائی کریں اور بلاء، بدعتوں، شر و فتنوں سے ڈرائیں اور ہم ہمیشہ اللہ کے فضل و کرم سے اس کی دعوت دیتے رہیں گے اس میں شریک و شامل رہیں گے اور لوگوں کو علانیہ یہ کہتے ہیں۔

لَیْسَ المقصودُ مِنْ هٰذهِ الاجتماعَاتِ مجرد الاجتماعات والمظاهِرِ بَلْ اَنَّ هٰذهِ وسیلة شریفة الیٰ غایةٍ شریفةٍ وهِیَ کذا وکذا، وَمَنْ لَمْ یستفد شیاءً لدینه فهو محرومٌ مِنْ خیراتِ المولدِ الشریف۔

صہ ۵

اِس قسم کے اجتماعات سے مقصود صرف اجتماعات اور ظاہر ہی نہیں ہوتا بلکہ یہ عظیم ترین مقاصد کے حصول کا وسیلہ اور ذریعہ ہے اور وہ فلاں فلاں ہے اور جس شخص نے اپنے دین اور ایمان کی خاطر کسی طرح کا کوئی استفادہ نہ کیا تو وہ میلاد شریف کی برکات اور خیرات سے محروم ہے۔

## حضورؐ کی ذاتِ اقدس کی میلاد کی محافل کے انعقاد پر دلائل

**دلیل اوّل** نبی اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی میلاد شریف کی محفل

برپا کرنے کا مطلب حضورؐ کی ذاتِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خوشی و سرور و فرحت حاصل کرنا ہے اس طرح خوشی و مسرت کا اظہار کرنے سے ایک کافر نے فائدہ اُٹھایا۔

چنانچہ بخاری شریف میں یہ روایت موجود ہے کہ ابولہب سے ہر سوموار کے دن اپنی لونڈی ثوبیہ کو میلادِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خوشی میں آزاد کرنے کی وجہ سے عذاب میں تخفیف ہو جاتی ہے کیونکہ ثوبیہ نے ابولہب کو ولادت پاکؐ کی خوشخبری سُنائی اِس موضوع پر حافظ شمس الدین محمد بن ناصر الدین الدمشقی نے کہا ہے۔

إذا كان هذا كافراً
جاء ذمّه بتبّت يداه في الجحيم مخلّداً
أتى أنه في يوم الاثنين دائماً
يخفّف عنه للسرور بأحمدا
فما الظنّ بالعبد الذي كان عمره
بأحمد مسروراً ومات موحدا

جب یہ کافر ہے اور اِس کی مذمت میں تبّت یدا نازل ہوئی یہ شخص دوزخ میں ہمیشہ ہمیشہ رہے گا تو یہ مستند روایت ہے کہ ابولہب سے ہمیشہ سوموار کے دن حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی میلاد کی خوشی منانے سے تخفیف ہو جاتی ہے ایسے شخص کے بارے میں آپکا کیا خیال ہے جو ساری عمر حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی میلاد سے خوش و مسرور رہتا رہا اور موحّد فوت ہوا۔

ص ۶

**دلیل دُوم** حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی میلاد شریف کے دن کی اہمیت اور ضرورت کے پیشِ نظر اسے بہت بڑا اور عظیم واقعہ قرار دیتے اور اللہ تبارک و تعالیٰ کا شکر ادا فرماتے کہ یہ آپ کیلئے بہت بڑا انعام و اکرام و نعمت ہے نیز اِس

Marfat.com

لئے کہ تمام کائنات پر آپ کے وجودِ مسعود کو فضیلت حاصل ہے کیونکہ کائنات کی ہر چیز آپ کے وسیلہ عظمیٰ سے خوش بخت و خوش قسمت قرار پائی۔ اس تعظیم و اہمیت کو آپ روزے سے تعبیر فرماتے جیسا کہ سیّدنا حضرت قتادہ رضی اللہ عنہٗ سے مروی حدیث شریف میں آیا ہے۔

اِنَّ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سُئِلَ عَنْ صوم یوم الاثنینِ ؟ فقالَ فیہ وُلِدْتُ وفیہ اُنزل عَلَیَّ رواہ الامام مسلم فی الصحیح فی کتاب الصیام صہ ۷

حضورِ انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس سے سوموار کے روزہ کے بارے دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ میں سوموار کو پیدا ہوا اور سوموار کے دن ہی مجھ پر وحی نازل ہوئی۔

یہ گویا محفل میلاد کے انعقاد کے متعلق صریح اور واضح ہے تاہم اس کی صورت مختلف ہے لیکن معنی موجود ہے خواہ یہ روزہ رکھنے سے ہو یا کھانا کھلانے سے ہو یا ذکر پر اجتماع سے ہو یا حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں صلوٰۃ وسلام عرض کرنے سے ہو یا آپ کے شمائل و خصائل شریفہ سننے سے ہو۔

**دلیل ثالث:-** حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گرامی قدر ذاتِ اقدس سے خوش و مسرور ہونا قرآن مجید فرقانِ حمید کے حکم سے مطلوب و مقصود ہے اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

قُلْ بفضل اللہ و برحمتہ فبذٰلکَ فَلْیَفْرَحُوا

آپ فرما دیجیے اللہ تعالیٰ کے فضل و رحمت پر ہی خوشی و فرحت مناؤ۔

مذکورہ ارشاد ربانی میں ہمیں اللہ تعالیٰ نے رحمت پر خوش ہونے کا حکم ارشاد فرمایا

Marfat.com

ہے اور حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی رحمت ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ اور ہم نے آپ کو تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

**دلیل رابع**، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بنفسِ نفیس اہم دینی واقعات کے سابقہ و گذشتہ امور کے زمانے کے ساتھ ارتباط و تعلق کو ملحوظ نظر رکھتے، چنانچہ جب کسی اہم واقعہ کا زمانہ آتا تو یہ ہمارے اذہان میں اس کو تازہ کرنے اس دِن کی تعظیم و تکریم اس واقعہ کے وقوع پذیر ہونے اور اس کے زمانہ و وقت کی وجہ سے ہمارے یاد کرنے کی فرصت کا وقت ہے۔

سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود اس قاعدے کی اساس اور بنیاد رکھی جیسا کہ حدیث پاک میں مروی ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب مدینہ منورّہ تشریف لائے اور یہاں آپ نے یہودیوں کو یوم عاشورار کا روزہ رکھتے ہوئے ملاحظہ فرمایا تو آپ نے اِس روزہ کا سبب دریافت فرمایا آپ کی خدمت اقدس میں عرض کیا گیا کہ یہودی عاشورار کا روزہ اس لئے رکھتے ہیں کہ اس دن اللہ تعالیٰ نے اِن کے نبی کو نجات اور دشمن کو غرق کیا چنانچہ اس خوشی و نعمت کی وجہ سے اللہ تبارک و تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کی خاطر یہودی عاشورار کا روزہ رکھتے ہیں تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہم سیّدنا حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات اقدس کے بارے میں تم سے بدرجہ اولیٰ اس کے حق دار ہیں چنانچہ اس روز کا روزہ آپ نے خود بھی رکھا اور اِس کا حکم بھی ارشاد فرمایا۔

Marfat.com

**دلیل خامس** حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں محفل میلاد نہیں تھی پس اگرچہ یہ بدعت ہے ادلۂ شرعیہ اور قواعدِ کلیہ کے تحت مندرج ہونے کے باعث یہ بدعت حسنہ ہے پس اپنی اجتماعی ہیئت کے اعتبار سے یہ بدعت ہے انفرادی حیثیت سے نہیں کیونکہ عہد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں محفلِ میلاد کی انفرادی حیثیت و ہیئت موجود ہے، انشاء اللہ ہم اس کی تطبیق و تشریح آئندہ صفحات میں کریں گے۔

**دلیل سادس** حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی میلاد شریف کی محفل صلوٰۃ وسلام پر برانگیختہ کرتی ہے اور صلوٰۃ وسلام عین مطلوب ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ط

بے شک اللہ تبارک تعالیٰ اور اس کے فرشتے غیب کی خبریں دینے والے نبی پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو تم بھی حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام بھیجو۔

اور جو چیز مطلوب شرعی پر برانگیختہ کرتی ہے وہ عین مطلوب و مقصودِ شریعت ہے حضور پر صلوٰۃ وسلام کے فوائد و منافع بے حد لاتعدّ ولاتحصٰی ہیں، درود و سلام سے حضور کی دینی و دنیوی امداد و نصرت نصیب ہوتی ہے۔ چنانچہ بیان و تفصیل کے میدان میں اِن منافع و امداد کا محاصرہ اور آثار و مظاہر انوار کا احاطہ کرنے کے لئے قلم عاجز و ناکام ہو جاتی ہے۔

**دلیل سابع** حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی میلاد شریف کی

Marfat.com

میں سے کسی ایک نبی کی میلاد کا دن ہے تو اس روز اور دن کو فضیلت عظمت، بزرگی برتری کیوں نہ حاصل ہوگی جس میں افضل النبیین، اشرف المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی۔

یہ تعظیم و تکریم اس دن کے ساتھ بعینہٖ مخصوص نہیں بلکہ یہ اس دن کی خصوصیت اور اس کی نوع و قسم کے لئے عام ہوگی۔ یوم جمعہ کی فضیلت کی طرح یہ مکرر ہو گی: تاکہ نعمتِ عظمیٰ کا شکر ادا ہو سکے اور نبوت کے لطف و کرم کا اظہار ہو۔ تاریخی اہمیت کے واقعات کو زندہ و تابندہ کیا جا سکے جو تاریخ انسانی میں انتہائی اہم حیثیت کے حامل اور انسانیت کے مصلح ہیں اور زمانہ کی پیشانی کو درست و ٹھیک کرنے کے لیے اپنا ایک مخصوص مقام رکھتے ہیں ہمیشہ ہمیشہ رہنے والی تاریخ کا انتہائی اہم باب ہے بالکل اسی طرح جیسے اس مکان کی تعظیم و تکریم کی جاتی ہے جس میں سیدنا حضرت جبرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مشورہ سے حضور نے دو رکعت نماز ادا فرمائی۔ کیونکہ بیت لحم میں ایک نبی نے جنم لیا۔ پھر سیدنا حضرت جبرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا گیا آپ جانتے ہیں کہ آپ نے کونسی عظیم جگہ پر نماز ادا فرمائی؟ آپ نے فرمایا نہیں تو سیدنا حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کیا کہ آپ نے بیت لحم میں نماز ادا فرمائی ہے، جہاں سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام پیدا ہوئے۔

**بارھویں دلیل**:۔ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی میلاد شریف کی محافل کے انعقاد کو علماء اور مسلمانوں نے تمام ممالک میں مستحسن قرار دیا ہے اور ہر گوشۂ کنارۂ عالم میں یہ محافل برپا ہوئیں، چنانچہ یہ سیدنا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

Marfat.com

سے مروی حدیث موقوف کے قاعدے کے مطابق شرعی طور پر مطلوب و مقصود ہے۔

حدیث پاک میں ہے۔

| | |
|---|---|
| ما راٰہ المومنون حسنا فھو عند اللہ حسن وما راٰہ المسلمون قبیحا فھو عند اللہ قبیح اخرجہ احمد۔ | مسلمان جس چیز کو اچھا سمجھیں وہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے ہاں بھی اچھی ہے اور مسلمان جس امر کو قبیح سمجھیں وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں بھی قبیح و ناپسندیدہ ہے ( |

**تیرھویں دلیل:** میلاد شریف کی محفل ذکر کی مجلس، صدقہ، مدح اور تعظیم مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عبارت ہے، چنانچہ یہ سنت ہے، اس طرح کے امور شرعاً مطلوب و ممدوح ہیں کیونکہ شرعی طور پر مطلوب و ممدوح افعال کی دلیل میں آثار صحیحہ آئے ہیں اور شریعت کے باقاعدہ اس پر برانگیختہ کیا ہے،

**چودھویں دلیل:** اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

| | |
|---|---|
| وکلا نقص علیک من انباء الرسل ما نثبت بہ فؤادک | اور ہم تمام رسولوں علیہم الصلوٰۃ والسلام کے واقعات آپ کو اس لئے بیان کرتے ہیں تاکہ اس سے آپ ثابت قدم رہیں۔ |

مذکورہ ارشاد سے یہ عیاں ہے کہ قرآن مجید میں رسولان عظام کے واقعات و قصص بیان فرمانے میں حکمت اور راز یہ تھا کہ اس طرح حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قلب اطہر کو قائم رکھا جائے۔ یہ امر شک و شبہ سے بالاتر ہے کہ آج ہم اپنے دلوں کو مستقل و ثابت قدم رکھنے کے زیادہ محتاج ہیں اس طرح کہ ہم حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اخبار اور حالات و واقعات سے آگاہ ہوں چنانچہ آپ

Marfat.com

کی نسبت ہمیں اس امر کی نسبتاً کہیں زیادہ ضرورت و احتیاج ہے

**پندرھویں دلیل** ہر وُہ چیز بدعت نہیں ہے جس کو سلف صالحین نے انجام نہیں دیا اور جو صدر اوّل میں موجود نہیں تھی کہ وُہ بدعت ہے اس کا کرنا حرام ہے اور انکار ضروری ولازمی ہے بلکہ اِس امر جدید کو شریعت مطہرہ کے دلائل پر پیش کرنا واجب اور لازمی ہے، چنانچہ جو امر مصلحت پر مشتمل ہو وُہ واجب ہے جو حرام پر منحصر ہو وُہ ناجائز و حرام ہے، اگر مکروہ پر مشتمل ہو تو مکروہ اگر مباح پر ہو تو وہ امر مباح اور اگر مندوب پر ہو تو ایسا فعل مندوب ہے اور وسائل کا حکم مقاصد کے حکم برابر ومساوی ہے۔

نیز علماء کرام نے بدعت کو پانچ حصوں میں تقسیم فرمایا ہے۔

**بدعت واجبۃ** اہل باطل و گمراہوں کی تردید اور علم نحو پڑھنا واجب ہے۔

**بدعتِ مندوبۃ** پلیں بنانا اور مدارس کی تعمیر منبروں پر آذان دینا احسان کرنا صدر اوّل میں یہ نہیں تھا۔

**بدعت مکروہ** جیسے مساجد کی تزئین و آزمائش اور مصاحفِ شریفہ کی تزئین و آرائش کرنا۔

**بدعت مباح** مثلاً چھلنی استعمال کرنا اور کھانے پینے میں وسعت و توسیع کرنا

**بدعت حرام** بدعت حرام وُہ بدعت ہے جو سُنت کے مخالف ایجاد کی گئی ہو اور اس پر شریعت کی دلائل مشتمل نہ ہوں نیز یہ مصلحت شرعیہ پر مشتمل نہ ہو۔

Marfat.com

**سولہویں دلیل** ہر بدعت حرام نہیں اگر اس طرح ہوتا تو سیّدنا حضرت ابوبکر، عمر و زید رضی اللہ عنہم اجمعین قرآن مجید کی تدوین کو حرام قرار دیتے۔ فرّاً صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کے وصال شریف کے وقت قرآن مجید متعدد وضاحت میں لکھا ہوا تھا اِس کو سیّدنا حضرت ابوبکرؓ کے زمانہ میں یکجا کیا گیا۔

نیز اگر ایسا ہوتا تو سیّدنا حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ، تمام لوگوں کو نماز تراویح کے لئے ایک امام پر مجتمع نہ فرماتے اور آپ نے یہ ارشاد بھی فرمایا۔

نعمت البدعۃ ھٰذہٖ

یہ بہترین بدعت ہے۔

اور اس طرح ہوتا تو تمام نافع علوم میں تصنیف و تالیف ناجائز ہوتی۔ نیز ہم پر یہ واجب ہوتا کہ ہم کفار کے ساتھ تیر کمانوں سے مقابلہ کرنے کے مکلّف ہوتے اس کے برعکس کفار ہم پر گولیاں برساتے، ڈھال استعمال کرتے، ٹینکوں سے حملہ کرتے۔ غوطہ خور آبدوزوں سے حملہ کرتے، جنگی جہازوں کے بیڑوں سے تباہی مچاتے۔

نیز اگر اس طرح ہوتا تو میناروں پر اذان حرام ہوتی۔ پلیں تعمیر کرنا، مدارس بنانا شفاخانے، رفاہی ادارے، یتیموں کے لئے گھر بنانا اور جیلیں بنوانا سب ناجائز ہوتا اسی لئے علماء کرام نے اس حدیث پاک کو جس کے مطابق ہر بدعت ضلالۃ ہے مقید کرتے ہوئے لکھا کہ اس سے مُراد بدعت لکسیہ ہے۔

اس تقیید سے اکابر صحابہ کرام تابعین عظام سے وقوع پذیر ہونے والے ایسے واقعات کی جو حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ اقدس میں رونما نہیں ہوئے۔ تصریح و تفصیل ہو جاتی ہے۔

اور آج ہم نے ایسے بہت سے مسائل ایجاد کر لئے ہیں جنہیں سلف صالحین نے سرانجام

Marfat.com

نہیں دیا مثلاً لوگوں کا صلوٰۃ تراویح کے بعد، رات کے آخری حصے میں ایک امام کی اقتداء میں صلوٰۃ تہجد ادا کرنا اور اس میں مصحف شریف ختم کرنا۔ نیز ختم قرآن شریف کی دعا کرنا۔ ستائیسوں کی رات کو صلوٰۃ تہجد میں امام کا خطبہ دینا اور منادی اعلان کرنے والے کا اس طرح منادی و اعلان کرنا اللہ تعالیٰ تمہیں ثواب دے نماز تراویح ادا کرنے کیلئے آؤ۔ یہ تمام امور ایسے ہیں جنہیں حضور پُر نور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے سر انجام نہیں دیا اور نہ ہی سلف صالحین میں سے کسی نے یہ امور کیئے ہیں تو کیا میلاد شریف کی محفل کا انعقاد جو ہم کرتے ہیں یہی بدعت ہے ؟

**سترھویں دلیل** سیدنا حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا۔ ایسا امر جو نیا نیا ایجاد ہو اور وہ کتاب یا سُنت یا اجماع یا کسی منقول کے مخالف ہو تو وہ بدعت سیئہ ہے ہر وہ چیز جو بھلائی اور نیکی سے ایجاد کی گئی ہو اور مذکورہ بالا میں سے کسی ایک کے مخالف نہ ہو تو وہ محمود و پسندیدہ ہے۔

ہم نے تقسیم بدعت کے متعلق اور جو کچھ کہا ہے اس سے امام عز بن عبد السلام، علامہ نووی رح اور ابن الاثیر متفق ہیں۔

**اٹھارھویں دلیل؛** وہ امر جو ادلہ شرعیہ پر مشتمل ہو اور اس امر کے ایجاد کرنے سے شریعت کی مخالفت مقصود نہ ہو۔ نیز وہ امر ناپسندیدہ منکر پر مشتمل نہ ہو تو وہ دین میں سے ہے۔

متعصب کا یہ کہنا کہ یہ ایسا امر ہے جس کو سلف صالحین نے سر انجام نہیں دیا اس کے لئے یہ امر دلیل نہیں بلکہ یہ عدم دلیل ہے جیسا کہ علم اصول کے ماہر شخص پر، یہ عیاں اور واضح ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی ذات اقدس نے

Marfat.com

ہدایت کی بدعت کو سنت فرمایا اور اس طرح کے مستحب و مستند و محبوب فعل کو سرانجام دینے والے کے ساتھ اجر و ثواب کا وعدہ فرمایا چنانچہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے۔

مَنْ سَنَّ فِی الْاِسْلَامِ سُنَّۃً حَسَنَۃً فَعَمِلَ بِھَا بَعْدَہٗ کُتِبَ لَہٗ مِثْلُ اَجْرِ مَنْ عَمِلَ بِھَا بَعْدَہٗ وَلَا یَنْقُصُ مِنْ اُجُوْرِھِمْ شَیْءٌ

صہ ۱۸

جس نے اسلام میں کوئی اچھا طریقہ رائج کیا اور اس پر بعد میں آنے والے لوگوں نے عمل کیا تو اس کیلئے اتنا اجر و ثواب لکھا جائے گا جس قدر لوگوں نے اس پر عمل کیا اور عمل کرنیوالے کے ثواب و اجر میں کوئی کمی نہ ہوگی۔

**بیسویں دلیل**: حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی میلاد شریف کی محفل کا انعقاد گویا سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کے ذکرِ پاک کو زندہ کرنا ہے اور یہ ہمارے نزدیک اسلام میں مشروع و محبوب ہے جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ حج کے اکثر اعمال بلاشبہ پیش آنے والے اہم واقعات کی یادگاریں اور تعریف کئے گئے مقامات کی پسندیدہ و محبوب ادائیں ہیں۔

چنانچہ صفا مروہ کے درمیان دوڑنا، جمرے پھینکنا اور جانور کی قربانی کرنا گذشتہ و سابقہ واقعات و حوادث ہیں مسلمان اِن کا ذکر فی الواقع اِن کی صورت کی تجدید سے کرتے ہیں۔

**اکیسویں دلیل**: پچھلے صفحات میں محفلِ میلاد کے شروع ہونے میں ہم نے جو کچھ ذکر کیا تھا وہ اِس محفلِ میلاد کے مشروع ہونے کے متعلق ہے

Marfat.com

جس میں منکرات اور مذموم افعال نہ ہوں جن کا انکار و ناپسندیدگی واجب ہے لیکن اگر محفل میلاد میں کوئی غیر شرعی فعل اور امر پایا جائے جس کا انکار واجب ہے مثلاً مردوں اور عورتوں کا اختلاط، ناجائز و محرمات کا ارتکاب اور ایسے زیادہ خرچ اسراف جس سے صاحب میلاد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ناراض ہوں تو اس کے ناجائز ہونے میں شک اور ممنوع ہونے میں کوئی شبہ نہیں کیونکہ اس میں ناجائز و ناپسندیدہ افعال ہیں لیکن اس طرح اس کا ناجائز ہو عارضی ہوگا ذاتی نہیں جیسا کہ تامل کرنے والے پر یہ امر مخفی و پوشیدہ نہیں۔

## میلادِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق ابن تیمیہ کی رائے

ابن تیمیہ کا کہنا ہے کہ بعض لوگوں کو حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی میلاد شریف منعقد کرنے پر ثواب ہوتا ہے اور اسی طرح بعض لوگ جیسے اس کے متعلق کہتے ہیں جیسے عیسائیوں کا سیدنا حضرت عیسٰی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی میلاد شریف کی خوشی و فرحت کرنا رہا۔ حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس سے محبت کرنا اور حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم و تکریم کرنا تو اللہ تبارک تعالیٰ انہیں اس محبت پر ثواب عطا فرماتا ہے اور اجتہاد پر بدعتوں پر نہیں بعدازاں ابن تیمیہ نے کہا۔

اچھی طرح جان لیجیے کہ بعض اعمال ایسے ہیں جن میں سراسر خیر و بھلائی ہوتی ہے کیونکہ یہ بعض مشروعات پر مشتمل ہوتے ہیں اور اس میں بعض اوقات بدعت کا شر وغیرہ ہوتا ہے تو دین سے کلی طور پر اعراض کی وجہ سے ایسا عمل شر ہوتا ہے

Marfat.com

جیسے منافقین اور فاسقین کا حال۔

اس مرض و گناہ میں آخری زمانے کے اکثر امتی مبتلا ہوتے ہیں۔ چنانچہ یہاں دو آداب کا ملحوظ رکھنا لازمی ہے۔

پہلا یہ کہ تمہارا اولین شوق و محبت ظاہر و باطن کے لحاظ سے تمسک بالسنہ کے (سنت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مضبوطی و پختگی سے پکڑنا ہو) یہ آپ کے خاصہ آپکے علاوہ آپکے مطیع و فرماں بردار کا بھی خاصہ ہونا چاہیئے۔ نیز معروف نیکی کو پہچانیئے اور ناپسندیدہ و مکروہ امور کا انکار کیجیئے۔

امر دوم: دوسرا امر یہ کہ آپ سنت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جانب لوگوں کو حسب امکان دعوت دیں۔ جب آپ دیکھیں کہ کوئی شخص اس کے علاوہ کوئی دوسرا کام ابرائی کرتا ہے اور اس کو ترک نہیں کرتا بلکہ اس سے بھی زیادہ مکروہ ذریادہ گناہ ہے یا آپ اس امر کی دعوت دیں کہ لوگ واجب ترک نہ کریں، یا مستحب و مندوب کیونکہ اس کا ترک کرنا اس مکروہ فعل سے زیادہ نقصان ہے۔

لیکن جب کسی نئی امر میں کوئی اچھی چیز ہو اور اس کے عوض میں حسب الامکان خیر مشروع ہو کیونکہ عموماً لوگ کسی چیز کے معاوضے کے بغیر کسی چیز کو نہیں چھوڑتے اور کسی شخص کو اگر کوئی بھلائی اور نیکی چھوڑنی پڑے تو اس کو چاہیئے کہ وہ اس کی مثل یا اس سے بہتر نیکی کی طرف راغب ہو۔

پھر آپؒ نے فرمایا۔

حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محفلِ میلاد کی تعظیم اور رسالانہ محفل میلاد کا انعقاد بعض لوگ کرتے ہیں اور اچھے ارادے و نیک نیت سے اس محفل کو منعقد

Marfat.com

کرنے والے کے لئے حسن قصد کی بدولت اس میں اجرِ عظیم ہوتا ہے نیز اس میں حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم و تکریم ہے جیسا کہ میں نے قبل ازیں بھی بیان کیا ہے کہ بعض لوگ اس کو مستحسن قرار دیتے ہیں اور بعض اس کو اچھا نہیں سمجھتے۔

اسی لئے جناب امام احمد کی خدمت میں کسی امیر کے بارے میں عرض کیا گیا کہ اس امیر و رئیس نے مصحف شریف پر دینار خرچ کئے ہیں وغیرہ تو آپ نے اس کے جواب میں ارشاد فرمایا: جانے دیجئے یہ مصحف شریف میں سونا خرچ کرنے سے افضل ہے۔ امام احمدؒ نے اس طرح ارشاد فرمایا۔ اس کے باوجود سیّدنا حضرت امام بن حنبل کا مذہب یہ ہے کہ مصاحف شریف پر نقش و نگار مکروہ ہے۔

اصحابِ فقہ میں سے ایک صاحب نے اس کی توجیہہ یہ کی ہے کہ مذکورہ شخص نے مبلغ ایک ہزار روپیہ مصحف شریف کے اوراق مبارکہ کی تجدید اور لکھائی کو نمایاں واضح کرنے کے لئے کیے تھے تاہم امام احمدؒ کا مقصود یہ نہیں بلکہ آپ کا مقصد اور ارادہ یہ ہے کہ اس عمل میں مصلحت بھی ہے اور نقص بھی اسی وجہ سے آپ نے مصحف شریف کے نقش و نگار کو ناپسند فرمایا[۱]

## میلادِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مفہوم

(میرے نزدیک) ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ میلادِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محفل شریف کی کوئی خاص و مخصوص کیفیت نہیں چنانچہ لوگوں

---

[۱] حوالہ کے لئے دیکھیے "اقتضاء الصراط المستقیم للشیخ ابن تیمیہ"

Marfat.com

کے اس کے اہتمام کرانے اور کرنے کا بندوبست لازمی نہیں بلکہ ہر وُہ چیز جو خیر و بھلائی کی طرف دعوت دیتی ہے اور لوگوں کو ہدایت پر مجتمع کرتی ہے انہیں راہِ راست کی راہنمائی و ہدایت کرتی ہے اس طرح کی راہنمائی جس میں لوگوں کے دین و دنیا کی منفعت و فائدہ ہے اس سے میلاد کے مقصود و مطلوب کی تحقیق حاصل ہو جاتی ہے۔

اسی لئے اگر ہم کسی ایسے معاملہ پر مجتمع ہوں جو حضور پُر نور صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کے مدائح پر مشتمل ہو اِن مدائح میں حضور پُر نور صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کا ذکر پاک ہو آپ کی فضیلت، جہاد اور خصائص ہوں اور ہم مروجہ قصہ میلاد بیان نہ کریں جس لو لوگوں نے اصطلاح سمجھ کر یہاں تک خیال کیا کہ میلاد النبی صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم صرف قصہ میلاد پر ہی مشتمل و منحصر ہے۔

بعد ازاں ہم واعظین کے مواعظ وارشادات، قاری کی تلاوت قرآن کو غور سے سُنیں تو میرا یہ دعویٰ ہے کہ اگر ہم اتنا ہی کر سکیں تو یہ بھی میلاد پاک مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کے تحت مندرج ہے۔ اور میلاد نبوی صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی محفل کے انعقاد کا معنی اس طرح ثابت و متحقق ہو جاتا ہے۔

اور میرا خیال یہ ہے کہ دو آدمیوں کا اس موضوع پر اختلاف نہیں اور نہ ہی دو افراد اس طرح آپس میں جھگڑتے ہیں۔

## محفل میلاد شریف میں قیام کرنا

رہا حضور پُر نور صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی میلاد شریف کے ذکر کے وقت قیام کرنا

Marfat.com

اور اس وقت کا ذکر کرتے ہوئے کھڑے ہونا جب حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دنیا پر نمودار ہوئے تو بعض لوگ باطل اور غلط گمان رکھتے ہیں جہاں تک میرا علم ہے۔ اہل علم کے نزدیک اس کا کوئی اصل نہیں بلکہ محفل میلاد میں حاضر ہونے والے جہلاء اس طرح خیال کرتے ہیں جو محفل میلاد میں حاضر ہوتے اور کھڑے ہوتے ہیں یہ ظن سوء اس طرح ہے کہ اس طرح کی محافل میں لوگ اس طرح کا اعتقاد رکھتے ہوئے کھڑے ہو جاتے ہیں کہ اس لمحہ و لحظہ میں اس محفل میں حضور اپنے جسدِ اطہر کے ساتھ تشریف لاتے ہیں۔

بعض لوگوں کا سوء ظن اس طرح زیادہ ہوتا ہے کہ وہ میلادِ پاک مصطفیٰ کی محفل میں دھونی دینے والی اشیاء اور خوشبو جلاتے ہیں اور وہ پانی جو مجلس کے وسط و درمیان میں رکھا جاتا ہے اس لیے کہ حضور پُر نور اس سے نوش فرمائیں گے اس طرح کے تمام ظنون و گمان کسی مسلمان عاقل کے دل میں نہیں کھٹکتے اور ہم اس طرح کی تمام اشیاء سے بری الذمہ ہیں کیونکہ یہ مقام رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جرأت و جسارت ہے۔ اور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسد شریف پر ایسا حکم ہے جس کے بارے میں کوئی اعتقاد نہیں رکھتا سوائے ملحد و مفتری شخص کے اور امورِ برزخ کو اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ ہی جانتا ہے۔

حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقام اس سے کہیں زیادہ بلند و ارفع اکمل و بزرگ ترین ہے کہ یہ دعویٰ کیا جائے کہ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے روضۂ اقدس سے باہر تشریف لا کر اپنے جسدِ اطہر کے ساتھ کسی مجلس میں فلاں فلاں مخصوص وقت تشریف لاتے ہیں میرے نزدیک یہ افتراء محض ہے اس

Marfat.com

ہیں ایسی جسارت، ڈھٹائی اور قباحت ہے جو فقط بغض وحسد رکھنے اور جاہل دشمن ہی سے صادر ہوسکتی ہے۔

## حضورِ پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیاتِ برزخیہ

ہاں مگر ہمارا یہ اعتقاد ہے کہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مکمل حیاتِ برزخیہ حاصل ہے جو آپ کے مقام و مرتبہ کے لائق اور مناسب ہے اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے ملکوت میں آپ کی روح مبارکہ گردش و سیر کرنے والی ہے اس امر کا امکان ہے کہ آپ کی روح اقدس مجالسِ خیر اور نور و علم کے مواقع و مقاصد میں تشریف لائے۔ اسی طرح آپ کے مخلص متبعین کی ارواح بھی آ سکتی ہیں۔

سیّدنا امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا۔

| | |
|---|---|
| یلغنی ان الروح مرسلۃ تذھب حیث شاءت۔ | میں نے یہ روایت سُنی ہے کہ روح آزاد ہے جہاں چاہتی ہے، جا سکتی ہے |

اور سیّدنا حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا ہے۔

| | |
|---|---|
| ارواح المومنین فی برزخ من الارض تذھب حیث شاءت (کذا فی الروح لابن القیم ص ۱۴۷) | زمین میں دفن ہوکر مسلمانوں کی روحیں حالتِ برزخ میں ہیں اور یہ اپنی مرضی کے مطابق جہاں چاہیں جا سکتی ہیں۔ |

جب آپ کو یہ معلوم ہوگیا تو یہ بھی جان لیجیے کہ میلاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محفل میں قیام واجب، سُنّت بھی نہیں اور نہ ہی ہمیشہ اس طرح کا اعتقاد

Marfat.com

رکھنا درست ہے۔ چنانچہ قیام میلاد شریف عبارت ہے اس حرکت سے جو لوگ اپنی فرح و سرور اور خوشی سے ظاہر کرتے ہیں جب اس بات کا ذکر کیا جائے کہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا تولد شریف ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم دنیا میں تشریف لا کر اظہر من الشمس ہوئے تو اس لمحہ سننے والا یہ تصور کرتا ہے کہ اس نعمت عظمیٰ کی بدولت تمام کائنات فرح و سرور اور خوشی سے رقص کناں ہے۔ سامع اس فرحت و سرور اور انبساط کے اظہار کی خاطر کھڑا ہو کر اس کی تعبیر کرتا ہے۔ چنانچہ یہ مسئلہ محض عادی ہے دینی نہیں نہ ہی یہ عبادت، شریعت اور سنت ہے فقط لوگوں کی یہ عادت یا طریقہ ہو گیا ہے اور اہل علم میں سے بعض نے اس کو مستحسن قرار دیا ہے

اس موضوع کی جانب میلاد شریف کے موضوع پر لکھنے کتاب لکھنے والے جناب برزنجی رح نے خود اشارہ کیا جب کہ انہوں نے یہ فرمایا۔

| | |
|---|---|
| وَقَدِ اسْتَحْسَنَ القیام عند ذکر مولدہ الشریف ائمۃ ذووا روایۃ وروِیۃ فطوبیٰ لمن کان تعظیمہ صلی اللہ علیہ وسلم غایۃ مرامہ ومرماہ۔ | اہل بصارت و بصیرت نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی میلاد شریف کے وقت قیام مستحسن قرار دیا ہے پس وہ شخص قابل رشک و خوش بخت ہے جس کا مقصود اور منزل مراد حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تعظیم ہو۔ |

اور آپ نے اشعار میں اس طرح ارشاد فرمایا ؎

وَ قَدْ سَنَّ اَہلِ العلمِ و الفضلِ و التُّقیٰ

قیاماً علی الاقدامِ مَعْ حُسْنِ اِمعانٍ

Marfat.com

بتشخیصِ ذاتِ المصطفیٰ وھُوَ حاضِرٌ

بایِّ مقامٍ فیہِ یذکُرُ بل دانٍ

چنانچہ آپ مذکورہ بالا اشعار میں علامہ برزنجی رح کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے دیکھ رہے ہیں کہ اہلِ علم نے اِس کو مسنون و مستحب قرار دیا ہے

اور آپ رح نے یہ ارشاد نہیں فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم نے مسنون قرار دیا ہے یا خلفاء راشدین رح نے اور نہ ہی آپ رح نے ارشاد فرمایا سُنّۃ مطلقۃ بلکہ آپ رح نے ارشاد فرمایا کہ اہلِ علم حضرات نے مسنون قرار دیا ہے۔

بعد ازاں آپ فرماتے ہیں۔

(بتشخیصِ ذاتِ المصطفیٰ)

یعنی یہ قیام حضور پُرنور صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی شخصیت اور وارث کے ذہن میں تصور و خیال سے ہے اور یہ تصوّر نہ صرف محمود و پسندیدہ اور مطلوب ہی ہے بلکہ ایک سچّے مسلمان کے ذہن میں یہ تصوّر و خیال بکثرت اور ہر لمحہ و ہر آن ہونا چاہیئے تاکہ اس طرح حضور پُرنور صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی اتباع مکمل ہو اور مسلمان کی محبت حضور پُرنور صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کے بارے اور زیادہ بڑھے اور اس کی تمام خواہشات حضور کی شریعت کے تابع ہوں چنانچہ لوگ احترام اور قدر و منزلت شناسی کے پیش نظر اس تصوّر کے موقعہ پر اٹھتے ہیں جو یہ تصوّر اور خیال جو حضور پُرنور صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی شخصیت اور ذاتِ گرامی کے بارے میں ہے ان کے دل میں آتا ہے تو مسلمانوں کو میں اس مقام کی عظمت و شوکت کا شعور بیدار ہوتا ہے اور عظمتِ مقامِ مصطفیٰ اجاگر ہوتی

Marfat.com

ہے جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں یہ امر عادی ہے اسی لئے اگر کوئی شخص کھڑا نہ ہو تو اس پر گناہ نہیں اور شرعی طور پر وُہ گنہگار نہ ہو گا ہاں اس کا اس قسم کا ارادہ اور موقف سوءِ ادب، ذوق کی قلت و کمی یا احساس کے جمود و تعطل سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔

جیسے ہر اس شخص کا وصف اس طرح بیان کیا جا سکتا ہے، جو کوئی عادی امر ترک کر دے جو لوگوں اور عوام کے ہاں معروف اور جاری ہے۔

## "محفل میلاد میں قیام کے مستحسن ہونے کے دلائل"

**دلیل اوّل** قیام میلاد پر تمام ممالک و بلاد و احصار عمل جاری و ساری رہا مشرق و مغرب کے قیام علماءِ اکرام نے مستحسن قرار دیا ہے اور اس سے مقصود نیت صاحب میلاد شریف صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تعظیم و تکریم ہے اور جس چیز کو مسلمان اچھا و بہتر قرار دیں وُہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی ذاتِ اقدس ہاں بھی مستحسن ہے اور جس امر و قضیئہ کو مسلمان قبیح قرار دیں وُہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے ہاں بھی قبیح ہے جیسا کہ حدیث شریف میں مذکور ہو چکا ہے۔

**دلیل دوم**، اہل فضل و عظمت کے لئے کھڑا ہونا مشروع اور متعدد احادیث و سُنت مصطفیٰ کے متعدد دلائل سے ثابت ہے اس موضوع پر امام نودیؒ نے ایک مستقل جزو تالیف کیا ہے اس کی تائید ابن حجر نے بھی فرمائی، علی ابن حاج نے ایک جزو و حصّہ کے قلیل دلائل سے اس کی تردید میں رفع الملام عن القائل باستحسان القیام من اہل الفضل رکھا۔

Marfat.com

**دلیل سوم**، بخاری و مسلم شریف کی متفق علیہ حدیث مبارکہ میں وارد ہوا ہے کہ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انصار صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو مخاطب کر کے ارشاد فرمایا۔

قُومُوا السیّد کُم صدْ۳۰ تم اپنے سردار کے لئے کھڑے ہو جاؤ

اور مذکورہ بالا قیام گویا سیّدنا حضرت سعد رضی اللہ عنہٗ کی ذاتِ اقدس کی تعظیم اور تکریم اور ادب و احترام کے لئے تھا اس لئے نہ تھا کہ سیّدنا حضرت سعد رضی اللہ عنہ مریض و علیل تھے وگرنہ آپ یہ ارشاد فرماتے کہ تم اپنے مریض کے لئے کھڑے ہو جاؤ نہ ہی آپ نے یہ ارشاد فرمایا کہ تم اپنے سردار کی جانب چل کر جاؤ اور آپ نے تمام صحابہ کرام کو کھڑے ہونے کا حکم ارشاد نہیں فرمایا بلکہ آپ کا یہ مبارک حکم بعض صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے لئے تھا۔

**دلیل چہارم**، حضور اقدس کی ہدایت اور تعلیم سے یہ امر بھی ہے کہ آپ اپنی خدمتِ اقدس میں حاضر ہونے والے کے لئے کھڑے ہو جاتے تاکہ آپ اس کی تعظیم و تکریم اور تالیف قلب کریں جیسا کہ آپ اپنی صاحب زادی سیّدہ حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے لئے کھڑے ہوئے اور آپ نے حضرت فاطمۃ الزہرا کی اس تعظیم و تکریم کا اقرار بھی فرمایا

(یعنی آپ کی موجودگی میں یہ فعل سرانجام دیا گیا اس سے آپ نے منع نہ فرمایا یہ حدیث تقریری ہے)

اور آپ نے انصار رضی اللہ عنہم کو یہ حکم ارشاد فرمایا کہ وہ اپنے سردار کے لئے کھڑے ہو جائیں جو قیام کی مشروعیت پر دلیل ہے تو حضور پُرنور صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس اِس کی تعظیم و تکریم کے بدرجہ اوّل مستحق ہیں۔

**دلیل پنجم** ، کبھی یہ کہا جاتا ہے کہ یہ تو حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیاتِ طیبہ کے ساتھ مخصوص ہے نیز یہ اس وقت ہے کہ جب حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حاضر اور موجود ہوں اور میلاد کی حالت میں آپ تشریف فرما نہیں ہوئے تو اس کا جواب یہ ہے کہ میلاد شریف کا قاری حضور کی ذات اقدس کو آپ کی ذات اطہر کی تشخیص کے ساتھ اپنے ذہن میں حاضر کیئے ہوتے ہیں ۔میلاد پڑھنے والے کی طرف حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عالم نورانی سے عالم جسمانی میں اس وقت سے پہلے ولادت شریفہ کے وقت تشریف لاتے ہیں اور تلاوت کرنے والے و پڑھنے والے کے قول کے وقت آپ حاضر ہیں حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضور ظلی میں پیدا ہوئے اور حضور ظلی کے حضور اصل سے زیادہ قریب و نزدیک ہے اِس تشخیص کے حاضر و ناظر و موجودگی اور حضور روحانی پر حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اپنے پروردگار کے اخلاق سے متخلق ہونا دلیل ہے چنانچہ حدیث قدسی میں اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

"جو شخص میرا ذکر کرتا ہے میں اِس کا ہم نشین ہوں"۔

ایک اور حدیث پاک میں حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے۔

میں ہر اس شخص کے ساتھ ہوں جو میرا ذکر کرتا ہے چنانچہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات اقدس کا اپنے پروردگار کے موافق ہونا اور اللہ تعالیٰ کے اخلاق عالیہ جلیلہ سے متخلق ہونے کی صفت کا تقاضا ہے کہ حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر اس شخص کے پاس حاضر و ناظر ہوں جو حضور کا ذکر کرے

Marfat.com

ہر جگہ آپ کو آپ کے روح اقدس کے ساتھ ذکر کیا جائے اور ذکر کرنے والے کا اس طرح حضور پُر نور کی ذاتِ اقدس کو حاضر ناظر تصوّر رکھنا حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تعظیم اور آداب میں زیادتی کا باعث اور سبب ہے۔

# میلاد شریف کے موضوع پر تالیفات و تصنیفات

اس موضوع اور باب پر بہت سی تصنیفات ہیں ان میں سے بعض منظوم ہیں اور بعض دوسری نثر میں لکھی ہوئی ہیں بعض دیگر، مختصر، طول اور درمیانی درجہ کی ہیں ہم اس عجلت سے لکھے مختصر مگر جامع کتابچہ میں ایسی تمام کتب کا احاطہ نہیں کرنا چاہتے کیونکہ یہ موضوع انتہائی وسیع اور کتب بہت زیادہ ہیں اسی طرح ایسی کتب کا ذکر اجمالاً کر کے ہم اس اختصار اور اجمال پر بھی اکتفا نہیں کرتے، کیونکہ اس موضوع پر یہ کتاب کوئی جدید اور پہلی کتاب نہیں ہے۔

اگرچہ یہ امر لازمی اور لابدی ہے کہ ان میں سے بعض دوسری بعض سے افضل و برتر اور اعلیٰ ترین ہیں۔ اسی لئے میں عنقریب یہاں صرف بڑے بڑے علماء امت و حفاظ ائمہ کے ذکر پر اکتفا کروں گا جنہوں نے اس موضوع پر تصنیفات و تالیفات فرمائیں اور علمی دنیا میں وہ مشہور و معروف ہوئے۔

